کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا ہے کہ بلوچستان کے عوام کو تھانوں، چیک پوسٹوں کی نہیں تعلیم، امن، ترقی اور نوجوانوں کو روزگار کی ضرورت ہے، جماعت اسلامی بلوچستان کے نوجوانوں کو ہنرمند بنانے، روزگار و تعلیم کے مواقع فراہم کرنے کیلئے کوشاں ہے۔ یہ بات انہوں نے کلی کاولی سرایاب میں نجی اسکول کی سالانہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ تقریب میں اسکول کے ڈائریکٹر محمد علیم جمالی اور اساتذہ کرام نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا کہ دینی وعصری دونوں تعلیم کا حصول ضروری ہے۔ مرد و خواتین دونوں دینی، عصری اور سائنس و ٹیکنالوجی کی تعلیم حاصل کریں تو بلوچستان سے جہالت وغربت کا خاتمہ ممکن ہے، تعلیم عام کرنے میں نجی شعبے کا اہم کردار ہے۔ جماعت اسلامی بلوچستان کے عوام کیلئے مسائل کا حل، حقوق کا حصول، امن اور ترقی چاہتی ہے۔ عوام نے ساتھ دیا تو بلوچستان کے مسائل حل کرکے عوام کو ان کے حقوق دلائیں گے۔ طلباء اور نوجوان تعلیم کے ساتھ جماعت کی سرگرمیوں پر توجہ دیں۔

## امن کے بغیر ترقی وخوشحالی کا خواب ادھورا ہے، جمعیت نظریاتی

**گلستان میں سادات قبیلے کے پچپن سالہ تنازعہ کا خاتمہ خوش آئند ہے، قاری مہر اللہ**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) جمعیت علماء اسلام نظریاتی بلوچستان کے کنوینر وضلع کوئٹہ کے امیر قاری مہر اللہ، مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی، حاجی حبیب اللہ صافی، حافظ عبدالواحد ہاشمی، مولوی رحمت اللہ حقانی، حاجی محمد انور، حاجی جلال عبدالقادر گلستانی ودیگر نے گلستان میں سادات قبیلے کے حاجی نصرو، حاجی محمد حنیف آغا کے خاندانوں میں پچپن سالہ تنازعہ کے خاتمہ اور قبائلی جرگہ کے فیصلے کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ ضہوری قوم کے سربراہ سمیت قبائلی مشران، عمائدین، علماء کرام، سادات اور قبائلی مشران کے کردار کو سراہتے ہیں۔ اس افسوسناک تنازعہ میں جانی نقصانات ہوئے جس پر عوام افسردہ تھے۔ انہوں نے کہا کہ گلستان، قلعہ عبداللہ خان، ناشین سمیت صوبہ بھر میں قبائلی تنازعات نے ہزاروں خاندان اجاڑ دیے اور اربوں کے نقصانات ہوئے ہیں۔ اس پچپن سالہ دشمنی کے خاتمے پر اہل بلوچستان خوش اور دعاگو ہیں کہ دیگر قبائلی تنازعات کا بھی رسم و رواج اور اسلامی اصولوں کے تحت تصفیہ کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ امن کے بغیر ترقی وخوشحالی کا خواب ادھورا رہتا ہے۔

## پشتون قوم پر اس ملک میں زندگی اجیرن کردی گئی، اے این پی

**افغان کڈوال کیساتھ روا رکھا جانیوالا انسانیت سوز سلوک المیہ ہے، اصغر اچکزئی ودیگر کا خطاب**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) عوامی نیشنل پارٹی کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ بحیثیت پشتون قوم ہم پر اس ملک میں زندگی اجیرن کردی گئی ہے امن اور روزگار دو ایسے بنیادی مسائل ہیں جو گزشتہ چار عشروں سے پشتون خوا وطن میں ناپید بنا دیے گئے ہیں اس جنگ سے نجات کا واحد راستہ اتفاق و اتحاد میں مضمر ہے افغان کڈوال کیساتھ روا رکھا جانیوالا انسانیت سوز سلوک انسانی المیہ ہے جو خود کو انصار مدینہ اور افغانوں کو مہاجرین مکہ کہلوانے والے آج ان کی جبری بیدخلی کے ساتھ ساتھ ان کی املاک اور جائیدادوں پر حملہ آور ہے جو قابل گرفت اور قابل مذمت فعل ہے، ان خیالات کا اظہار اے این پی کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی مرکزی ایڈیشنل سیکرٹری جنرل عبداللہ عابد صوبائی جنرل سیکرٹری مابت کاکا ضلعی صدر ثناءاللہ کاکڑ ضلعی جنرل سیکرٹری حمزہ کاکڑ ضلعی سینئر نائب صدر حاجی شان عالم کاکڑ حاجی نظر علی شابوزئی عبدالقاہر شابوزئی قاری علی محمد بڑیچ ملک ستار کسی ودیگر نے کوئٹہ پریس کلب میں شمولیتی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا رہنماؤں نے کہا کہ افغان کڈوال کے ساتھ روا رکھا جانے والا توہین آمیز وتضحیک آمیز سلوک پشتون افغان کبھی نہیں بھول پائے گا جبری بے دخلی اپنی جگہ دوسری جانب ان کی جائیدادوں اور املاک کی لوٹ مار اور ناانصافی انسانی تاریخ کے المیوں میں شمار ہوں گے مقررین نے کہا کہ ایسے حالات میں جب پشتون افغان مشکلات کے گرداب میں ہیں عوامی نیشنل پارٹی اور فکر باچاخان سے وابستگی اختیار کرنے والے نوجوان اور عوام امید کی کرن ہیں شمولیتی تقریب میں حاجی نظر علی شابوزئی آغا جان عبدالقاہر شابوزئی حاجی اللہ نظر اسحاق شابوزئی حافظ شابوزئی حاجی محمد شابوزئی اور سلیمان خان کی قیادت میں 225 افراد نے مختلف سیاسی جماعتوں سے مستعفی ہوکر عوامی نیشنل پارٹی میں شمولیت اختیار کی۔


MASHRIQ QUETTA


## یہودی مسلمان ممالک کو آپس میں لڑا کر مفادات حاصل کرنا چاہتے ہیں، مولانا عبدالواسع

**پاکستان اور افغانستان نے جنگ بندی کا بروقت فیصلہ کرکے مسلمانوں کو آپس میں لڑانے کی سازش ناکام بنادی، مولوی کمال الدین، حاجی نواز کاکڑ**

**جمعیت اور اپوزیشن جماعتوں کی جدوجہد کی بدولت حکومت کو مائنز اینڈ منرلز بل واپس لینے پر مجبور کیا، نواز کاکڑ، زاہد علی ریکی ودیگر**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) جمعیت علماء اسلام کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ عام انتخابات میں جمعیت کی کامیابی کو ناکامی میں تبدیل کرکے فارم 47 والوں کی حکومت قائم کی گئی جنہیں عوام کے مسائل سے کوئی سروکار نہیں ہے جمعیت علماء اسلام بلوچستان میں مضبوط اور مستحکم ہے جمعیت کو ختم کرنے کا خواب دیکھنے والوں کو منہ کی کھانی پڑی ہے، یہودی قوتیں مسلمان ممالک کو آپس میں لڑا کر اپنے مفادات حاصل کرنا چاہتی ہیں پاکستان اور افغانستان نے جنگ بندی کا بہتر فیصلہ کرکے مسلمانوں کو آپس میں لڑانے کی سازش ناکام جمعیت علماء اسلام اور اپوزیشن جماعتوں کی جدوجہد کی بدولت حکومت کو مائنز اینڈ منرلز بل واپس لینے پر مجبور کیا ہے آئندہ بھی صوبے کے عوام کے مفادات کا تحفظ کریں گے یہ بات جمعیت علماء اسلام کے صوبائی و سینیٹر مولانا عبدالواسع، مولوی کمال الدین، حاجی نواز کاکڑ، رکن صوبائی اسمبلی زاہد علی ریکی، ملک عبدالقیوم کاکڑ بصور، سابق صوبائی وزیر عین اللہ شمس، محمد عظیم کاکڑ، منظور مینگل، مفتی محمد آغا، ملک باز محمد کاکڑ، مفتی حبیب اللہ، سید عبدالشکور آغا، مولانا مفتی محمود، محمد سلیم، حاجی عنایت اللہ، منیر احمد، مولانا عطاء اللہ آغا، مولانا احمد خان، مولانا عبدالخالق، خلیل احمد ایڈووکیٹ، ملک شاہجہان کاکڑ، عبیداللہ، نذر محمد حقانی اور دیگر برشور میں استحکام جمعیت کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ مولانا عبدالواسع نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام صوبے کی حقیقی سیاسی و مذہبی جماعت ہے جس نے ہمیشہ آئین کے اندر رہتے ہوئے صوبے کے عوام کے مفادات کا تحفظ کیا ہے جمعیت علماء اسلام نے اپنے دور حکومت میں این ایف سی ایوارڈ میں صوبے کے حصے میں اضافہ کرایا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 25 OCT 2025 Page No. 6


## ژوب: ڈاکوؤں کی فائرنگ سے نوجوان کی ہلاکت کیخلاف شہریوں کا روڈ بلاک احتجاج

**سینکڑوں افراد نے بادنزئی کے علاقے میں کوئٹہ قومی شاہراہ بلاک کردی، سڑک کی دونوں جانب گاڑیوں کی لمبی قطاریں**

ژوب (نامہ نگار) مسلح ڈاکوؤں کی فائرنگ سے نوجوان کی ہلاکت قاتلوں کی عدم گرفتاری اور بدامنی کے خلاف احتجاج کوئٹہ قومی شاہراہ بلاک چوری اور ڈکیتی کی وارداتوں میں اضافہ شہری عدم تحفظ کا شکار ہو گئے تفصیلات کے مطابق گذشتہ روز مینا بازار کے علاقے میں مسلح ڈاکوؤں نے بکریاں چھیننے کے دوران مزاحمت پر 25 سالہ نوجوان محب اللہ ولد خان میر کاکڑ کو فائرنگ کرکے قتل کرنے کے خلاف علاقے کے سینکڑوں افراد نے بادنزئی کے علاقے میں کوئٹہ قومی شاہراہ بلاک کردی۔ احتجاج اور شاہراہ کی بندش سے گاڑیوں کی لمبی قطاریں لگ گئیں اور مسافروں کو سخت مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ اطلاع ملنے پر پولیس حکام نے موقع پر پہنچ کر قاتلوں کی جلد گرفتاری کی یقین دہانی کرائی جس پر شاہراہ کو ٹریفک کیلئے کھول دیا گیا واضح رہے کہ مقتول اپنے گھر کی بکریاں چرا رہا تھا کہ اس دوران سفید رنگ کی فیلڈر گاڑی میں آنے والے ملزمان نے مزاحمت پر فائرنگ کردی جس کے نتیجے میں نوجوان موقع پر جاں بحق ہوگیا۔

## ڈیرہ مراد جمالی: پریس کلب کے نائب صدر کی موٹر سائیکل چوری

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) پریس کلب ڈیرہ مراد جمالی کے نائب صدر علی جان منگی کی موٹر سائیکل چوری ہوگئی پولیس کے مطابق پریس کلب ڈیرہ مراد جمالی کے سینئر نائب صدر علی جان منگی کرکٹ گراؤنڈ میں موٹر سائیکل کھڑی کرکے واک کے لیے گئے واپسی پر موٹر سائیکل غائب تھی دریں اثنا صحافی برداری نے مطالبہ کیا ہے کہ چوروں کو گرفتار کرکے مسروقہ موٹر سائیکل فوری طور پر برآمد کی جائے۔

MASHRIQ QUETTA

# خیبر پختونخوا فورسز کی کارروائی، 8 خوارج ہلاک، بم حملے میں ایس پی آپریشنز سمیت 3 اہلکار شہید

## خضدار میں تعمیراتی کمپنی کے 20 مزدور اغوا

**لکی مروت میں سکیورٹی فورسز کی نہایت عسکری مہارت سے کی گئی کارروائی میں خوارج کو فرار ہونے کا کوئی موقع نہ مل سکا، آخری خوارجی کے خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی، سیکیورٹی ذرائع**

**ہنگو میں خالی چیک پوسٹ کو دہشت گردوں نے دھماکے سے اڑایا، دھماکے کی اطلاع ملتے ہی ایس پی آپریشنز اسد زبیر موقع پر پہنچے تو دوسرا دھماکا ہو گیا دھماکے کے نتیجے میں تینوں اہلکار شہید ہو گئے**

**مزدور خضدار سے واشک اور بسیمہ کو ملانے والی زیر تعمیر سڑک پر کام کر رہے تھے، جدید اسلحہ سے لیس درجنوں افراد نے اچانک دھاوا بول دیا، کمپنی کے کیمپ، کرش پلانٹ اور گاڑیوں کو بھی آگ لگا دی**

**واقعے کی اطلاع ملتے ہی لیویز، ایف سی اور کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ کے اہلکار موقع پر پہنچ گئے، دو مزدوروں کو چھوڑ دیا گیا، مغویوں کا تعلق سندھ اور بلوچستان سے ہے، مزدوروں کی تلاش جاری**

لکی مروت (بیورو رپورٹ) لکی مروت میں سکیورٹی فورسز نے کارروائی کرتے ہوئے 8 خوارج ہلاک اور 5 شدید زخمی کردیئے۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق سکیورٹی فورسز کی یہ کارروائی خفیہ اطلاعات پر لکی مروت کے علاقے وانڈہ شیخ اللہ میں کی گئی، سکیورٹی فورسز کی نہایت عسکری مہارت سے کی گئی کارروائی میں خوارج کو فرار ہونے کا کوئی موقع نہ مل سکا۔ سکیورٹی ذرائع نے بتایا کہ علاقے میں ممکنہ دہشت گردوں کی موجودگی کے خدشات کے پیش نظر سرچ آپریشن جاری ہے۔ نیشنل ایکشن پلان کے تحت آخری خوارجی کے خاتمے اور امن وامان...... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) خضدار میں تعمیراتی کمپنی کیلئے کام کرنیوالے 20 مزدوروں کو اغوا کرلیا گیا، مسلح افراد نے کمپنی کے کیمپ، کرش پلانٹ اور گاڑیوں کو بھی آگ لگادی۔ ایک ہفتے میں مزدوروں کے اغوا کا دوسرا واقعہ ہے۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز خضدار سے واشک اور بسیمہ کو ملانے والی زیر تعمیر سڑک پر کام کرنے والی تعمیراتی کمپنی کے 18 مزدوروں کو اغواء کرلیا گیا۔ لیویز انچارج علی اکبر نے بتایا ہے کہ درجنوں نامعلوم مسلح افراد نے کرش پلانٹ پر دھاوا بول کر گاڑیوں اور مشینری کو آگ لگادی جس سے 8 گاڑیوں کو نقصان پہنچا جبکہ کمپنی...... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

کی مکمل بحالی تک کارروائیاں جاری رہیں گی۔ خیبر پختونخوا کے ضلع ہنگو میں بم دھماکے میں سپرنٹنڈنٹ آف پولیس (ایس پی) آپریشنز اسد زبیر سمیت 3 پولیس اہلکار شہید ہوگئے۔ آئی جی خیبر پختونخوا ذوالفقار حمید نے نجی ٹی وی کو بتایا کہ دھماکے میں ایس پی آپریشنز اسد زبیر کی گاڑی کو نشانہ بنایا گیا، دھماکے کے نتیجے میں پولیس موبائل الٹ گئی۔ ڈی ایس پی امجد حسین نے بتایا کہ بلیامینہ میں غلمینہ چیک پوسٹ خالی تھی، خالی چیک پوسٹ کو دہشت گردوں نے دھماکے سے اڑایا، دھماکے کی اطلاع ملتے ہی ایس پی آپریشنز اسد زبیر پارٹی سمیت پہنچ گئے۔ انہوں نے بتایا کہ اسی دوران بلیامینہ کے مقام پر دوسرا بارودی مواد کا دھماکا ہوا جس کا شکار ایس پی اور پولیس اہلکار ہوئے اور تینوں شہید ہوگئے۔

نال کے علاقے کلیزی میں درجنوں مسلح افراد نے پہلے شاہراہ کی ناکہ بندی کی اور اس کے بعد ایک نجی تعمیراتی کمپنی کے کیمپ، کرش پلانٹ اور گاڑیوں کو نذر آتش کردیا۔ مذکورہ کمپنیوں میں کام کرنے والے مزدوروں نے بتایا کہ حملہ آور درجنوں کی تعداد میں تھے اور جدید اسلحے سے لیس تھے تاحال مغویوں کی بازیابی عمل میں نہیں لائی گئی۔

کے میجر ذوالفقار کے مطابق مسلح افراد 20 مزدوروں کو اغواء کرکے لئے گئے جن میں سے 2 مزدوروں کو چھوڑ دیا گیا جبکہ 18 تاحال لاپتہ ہیں۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی لیویز، ایف سی اور کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ کے اہلکار موقع پر پہنچ گئے اور علاقے کو گھیرے میں لے کر مغوی مزدوروں کی تلاش شروع کردی۔ صوبے میں ترقیاتی منصوبوں کیلئے کام کرنے والی کمپنیوں کے کیمپوں پر متعدد بار حملے ہوچکے ہیں گزشتہ چند روز قبل مستونگ کے علاقے دشت سے تعمیراتی کمپنی کے کام کرنے والے 9 مزدوروں کو اغواء کیا گیا جبکہ بلوچستان میں صرف ایک ہفتے کے دوران مزدوروں کے اغوا کا یہ دوسرا بڑا واقعہ ہے۔ اب تک 27 مزدوروں کو اغواء کیا جاچکا ہے جن میں سے اکثریت کا تعلق صوبہ سندھ سے اور باقی کا تعلق بلوچستان سے بتایا جاتا ہے۔ گزشتہ شب خضدار سے تقریباً 80 کلومیٹر دور

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 5 Dated: 25 OCT 2025 Page No. 17


## آر ایل این جی بیسڈ گیس کنکشنز کی منظوری، عوام پر مالی بوجھ بڑھ جائیگا

**ماہانہ بل 25 سے 30 ہزار روپے تک پہنچنے کا خدشہ، آر ایل این جی کے نرخ لاگو نہ کیے جائیں، عوامی حلقے**

پچ (نامہ نگار) بلوچستان کے عوام پر ایک اور مالی بوجھ ڈال دیا گیا وفاقی حکومت نے ملک بھر میں گیس کنکشنز پر عائد پابندی ختم کرتے ہوئے اب نئے کنکشن آر ایل این جی کی بنیاد پر دینے کی منظوری دی ہے ذرائع کے مطابق نئی پالیسی کے تحت جو بھی نیا گیس کنکشن فراہم کیا جا رہا ہے وہ ”آر ایل این جی بیسڈ“ تصور کیا جائے گا، چاہے متعلقہ علاقے میں تاحال قدرتی گیس ہی فراہم کی جا رہی ہو اس حوالے سے صارفین کو لاعلم رکھا گیا ہے جس کے باعث بلوچستان کے مختلف علاقوں میں نیا میٹر لگوانے والے صارفین کو بھاری بلوں کا سامنا کرنا پڑے گا گیس کمپنی پچ کے ایک ذریعے نے بتایا کہ آر ایل این جی کے نرخ لاگو ہونے کے بعد فی یونٹ قیمت میں تقریباً 118 روپے کا فرق آئے گا جس سے گھریلو صارفین کے ماہانہ بل 25 سے 30 ہزار روپے تک پہنچنے کا خدشہ ہے اوگرا کے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق قدرتی گیس کا گھریلو ٹیرف 7 سے 10 روپے فی یونٹ ہے جبکہ آر ایل این جی کی قیمت 125 سے 130 روپے فی یونٹ کے درمیان ہے۔ یہی فرق بلوچستان کے صارفین کے لیے شدید مالی بوجھ کا باعث بن سکتا ہے عوامی حلقوں نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ بلوچستان کے صارفین پر آر ایل این جی کے نرخ لاگو نہ کیے جائیں۔


MASHRIQ QUETTA


## کلی کوتوال ملیزئی سکیم 20 برسوں سے پانی سے محروم علاقہ مکین

**خواتین دور دراز علاقوں سے پانی لانے پر مجبور ہیں، بچے اسکول چھوڑ کر پانی کی تلاش میں سرگرداں رہتے ہیں**

**رکن صوبائی اسمبلی بخت محمد کاکڑ سے فوری طور پر علاقے کا دورہ کرنے کا مطالبہ کرتے ہیں عبدالواجد کاکڑ، حاجی عبدالمالک**



کوئٹہ (ایریا رپورٹر) حلقہ 39 نواں کلی کوتوال ملیزئی سکیم کے پینے کے صاف پانی سے محروم، ٹیوب ویل سابقہ دور میں فراہم۔ کیا تھا ان میں پانی خشک ہونے سے پورا محلہ قلت آب سے دوچار ہے مسئلہ حل نہیں کیا گیا تو سڑکوں پر نکل کر احتجاج کرینگے، رکن صوبائی اسمبلی بخت محمد کاکڑ سے فوری طور پر علاقے کا دورہ کرنے کی اپیل کرتے ہیں۔ مشرق سروے ٹیم سے بات چیت کرتے ہوئے عبدالواجد کاکڑ، حاجی عبدالمالک، جمال خان، گل زمان عبدالکریم آغا و دیگر نے بتایا ہے کہ کوئٹہ بلوچستان کا دل لیے پیاس کی علامت بن چکا ہے۔ صوبائی دارالحکومت کے وسط میں واقع حلقہ 39 نواکلی کوتوال ملیزئی سکیم کے مکین گزشتہ 20 سالوں سے پانی جیسی بنیادی سہولت سے محروم ہے۔ واسا نے پائپ تو بچھایا ہے لیکن وہ بوسیدہ ہو کر ختم ہو گیا ہے حلقہ 39 نواکلی کوتوال ملیزئی کالونی کے لوگ روزانہ امید کے ساتھ واسا کے دفتر جاتے ہیں، افسران سے رابطہ کرتے ہیں، فون کرتے ہیں کہ ہمیں ٹیوب ویل لگا دیں لیکن ہمیں کوئی مطمئن جواب نہیں ملتا ہے پینے کے صاف پانی کی قلت کی وجہ سے خواتین دور دراز علاقوں سے پانی لانے پر مجبور ہیں، بچے اسکول چھوڑ کر بالٹیاں ٹین ڈبے ہاتھوں اٹھائے پانی کی تلاش میں نکلتے ہیں، اور بزرگ بے بسی سے حکومتی وعدوں کو سنتے ہیں۔ انہوں نے بتایا یہ ہے وہ حقیقت جو واسا حکام اور نمائندے شاید دیکھنا نہیں چاہتے لیکن سننا نہیں چاہتے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ سوال یہ ہے کہ اگر پانی جیسی بنیادی ضرورت فراہم کرنے میں واسا ناکام ہے تو پھر اس ادارے کا مقصد کیا رہ گیا ہے؟ کیا عوام کی مشکلات پر کوئی کان نہیں دھرے گا؟ حلقہ 39 نواکلی کوتوال ملیزئی کالونی کی پیاس صرف پانی کی کمی نہیں یہ انتظامی نااہلی، بے حسی، اور غفلت کا آئینہ ہے۔ اب وقت آ گیا ہے واسا کے اعلیٰ افسران خواب غفلت سے جاگ۔ جائے۔ اگر یہ صورتحال برقرار رہی تو عوام کا اعتماد سرکاری اداروں سے ہمیشہ کے لیے ختم ہو جائے گا۔ حلقہ 39 نواکلی کوتوال ملیزئی کالونی کے عوام اب محض وعدوں سے نہیں، عملی اقدام سے انصاف چاہتے ہیں۔ ہماری فریاد ایک یاد دہانی ہے کہ ریاست کی اولین ذمہ داری اپنے شہریوں کو زندگی کی بنیادی سہولتیں فراہم کرنا ہے، اور پانی ان میں سب سے پہلی ضرورت ہے۔ اہلیان علاقہ نے مزید بتایا کہ مسئلہ حل نہ ہوا تو مین ایئر پورٹ روڈ کو ہر قسم کے ٹریفک آمد و رفت کیلئے بند کرینگے


CamScanner

**CLIPPING SERVICE**

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MEEZAN QUETTA

Bullet No. 6 Dated: 25 OCT 2025 Page No. 18

## صحت کے شعبے میں بہتری انتظامیہ کی اولین ترجیح!

یہ بات حقیقت پر مبنی ہے کہ صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں صحت کے شعبے میں مزید اصلاحات لانے کی اشد ضرورت ہے کیونکہ اس سے عوام اب مطمئن نہیں ہے جس کی بڑی وجہ اس شعبے میں عوام کو سہولیات کا نہ ملنا ہے۔ یہ مسئلہ ایک عرصے سے درپیش ہے۔ جب سے وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے وزارت کا قلمدان سنبھالا ہے وہ محکمہ صحت میں اصلاحات لانے کے لیے بھرپور کوشش کر رہے ہیں۔ وہ یہ اقدامات وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق کر رہے ہیں۔ انہوں نے سرکاری ہسپتالوں میں ٹیسٹ کرنے کے لیے نئی مشینری بھی نصب کروائی ہیں۔

ہم سمجھتے ہیں کہ اب بھی محکمہ صحت میں مزید اصلاحات لانے کی ضرورت ہے کیونکہ اب بھی ایسے مسائل ہیں جن سے عوام دوچار ہے۔ اس وقت سرکاری ہسپتالوں میں مریضوں کو ادویات کا نہ ملنا ایک بہت بڑا مسئلہ ہے۔ افسوس کی بات یہ ہے کہ اس اہم مسئلے پر اس سے قبل متعدد بار بیانات دیئے جا چکے ہیں لیکن ان پر عمل درآمد نہیں ہو پا رہا۔ اس کے علاوہ گزشتہ دنوں سول ہسپتال کوئٹہ میں سٹریچر اور ویل چیئر کے نہ ہونے کی خبریں بھی آئیں اس سے مریضوں کو بڑی مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔

گزشتہ روز ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا جس میں اے ڈی سی (جنرل) ڈی ایچ او، ڈی ایس ایم پی پی ایچ آئی، اور دیگر حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں آر ایچ سیز کی کارکردگی، عملے کی حاضری، غیر حاضری عملے کی تنخواہوں کی کٹوتی اور دیگر امور پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اس طرح ڈرگ کنٹرولر نے گزشتہ ماہ کی کاروائیوں کی رپورٹ بھی پیش کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی نے واضح کیا کہ صحت کے شعبے میں بہتری ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے۔ تمام افسران اور متعلقہ ادارے اپنے فرائض ایمانداری سے سرانجام دیں تاکہ عوام کو بنیادی صحت کی سہولیات بروقت میسر آسکیں۔ انہوں نے ہدایت کی کہ غیر حاضر عملے کے خلاف سخت کاروائی عمل میں لائی جائے اور ہیلتھ فیسیلٹیز کی مانیٹرنگ کو موثر بنایا جائے۔

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی اپنی صدارت میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کے اجلاس سے خطاب اور اس میں صحت کے شعبے میں بہتری کو ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح قرار دینا قابل تعریف اقدام ہے۔ انہوں نے بڑے اہم مسئلے کے بارے میں بات کی ہے۔ کیونکہ اس سلسلے میں عوام کو جو شدید مشکلات درپیش ہیں ان کا واضح ذکر اوپر سطور میں کر دیا گیا ہے۔

اس لیے یہاں ضرورت اس امر کی ہے کہ ضلعی انتظامیہ کو محکمہ صحت کے شعبے میں بہتری لانے کے لیے احسن اقدامات کرنے چاہئیں تاکہ اس سلسلے میں عوام کو درپیش مسائل حل ہوں اور وہ سرکاری ہسپتالوں میں اپنا علاج ومعالجہ کرواسکیں کیونکہ پرائیویٹ ہسپتالوں میں ایک غریب آدمی کے لیے علاج ومعالجہ کروانا ناممکن بات ہے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 6 Dated: 25 OCT 2025 Page No. 19


## بلوچستان میں پوست کی کاشت میں اضافہ، حکومت بلوچستان کا زمینداروں اور ڈیلرز کیخلاف کریک ڈاؤن!

بلوچستان کے مختلف اضلاع میں گزشتہ چند برسوں کے دوران پوست کی کاشت میں خاصہ اضافہ ہوا ہے، زمیندار بڑے پیمانے پر منافع کمانے کیلئے اس گھناؤنے کاروبار میں سرگرم ہیں۔ جب سے افغانستان میں پوست کی کاشت پر پابندی عائد کی گئی ہے افغانستان سے تعلق رکھنے والے پوست کے کاروبار سے جڑے لوگ بلوچستان کے مختلف اضلاع میں زمینداروں کے ساتھ ملکر یہ کاروبار کرر ہے ہیں۔ ماضی میں افغانستان پوست کی کاشت کا مرکز تھا اب پابندی کی وجہ سے بلوچستان میں خفیہ طور پر پوست کی کاشت کی جارہی ہے۔ بلوچستان حکومت کی جانب سے پوست کی غیر قانونی کاشت کاری کے خلاف سختی سے کریک ڈاؤن کا سلسلہ شروع کیا گیا ہے۔ بلوچستان کے ضلع ڈکی میں پوست کی غیر قانونی کاشت کے خلاف ضلعی انتظامیہ اور محکمہ داخلہ بلوچستان نے بڑی کارروائی کرتے ہوئے 75 زمینداروں کے نام فورتھ شیڈول میں شامل کر دیئے ہیں۔ محکمہ داخلہ کے مطابق زمینداروں کے نام ڈپٹی کمشنر ڈکی کی سفارش پر فورتھ شیڈول میں ڈالے گئے۔ اس اقدام کا مقصد پوست کی کاشت کی روک تھام اور انسدادِ منشیات کے قوانین پر مؤثر عملدرآمد کو یقینی بنانا ہے۔ محکمہ داخلہ بلوچستان نے وضاحت کی ہے کہ فورتھ شیڈول میں شامل افراد کسی بھی دہشت گردانہ سرگرمی یا تنظیم میں ملوث نہ ہونے کی ضمانت دیں گے۔ یہ ضمانت 5 لاکھ روپے کے سیکیورٹی بانڈ کی صورت میں جمع کرائی جائے گی، جسے ڈپٹی کمشنر یا ڈی پی او کی ویری فکیشن کے بعد قبول کیا جائے گا جب تک کسی زمیندار کا نام فورتھ شیڈول میں شامل رہے گا، اس کی تمام جائیدادیں ضبط تصور کی جائیں گی اور اثاثوں کی جانچ پڑتال کاؤنٹر ٹیررزم ڈیپارٹمنٹ (سی ٹی ڈی) کے ذریعے کی جائے گی۔ فورتھ شیڈول میں شامل زمینداروں کو اپنی سفری تفصیلات اور رہائشی ٹھکانوں۔ کے بارے میں لیویز اور مقامی پولیس کو پیشگی اطلاع دینا اور اجازت لینا لازمی قرار دیا گیا ہے۔ زمیندار فورتھ شیڈول میں نام شامل کرنے کے فیصلے پر نظرثانی کی درخواست بھی دے سکتے ہیں، تاہم اس کے لیے قانونی تقاضے پورے کرنا ہوں گے۔ یہ کارروائی بلوچستان میں منشیات کی کاشت کے خاتمے اور قانون کی بالادستی کے سلسلے میں ایک اہم پیشرفت تصور کی جارہی ہے۔ بلوچستان حکومت پوست کی کاشت روکنے پر سختی سے عمل پیرا ہے اس سے مستقبل میں پوست کی کاشت میں واضح کمی آئے گی۔ بلوچستان حکومت کی جانب سے پوست کی کاشت کے بڑھتے رجحان کے خلاف سخت ایکشن لیا جارہا ہے ساتھ ہی پوست کی فصلوں کو تباہ کیا جارہا ہے بلکہ اس ضمن میں قانون سازی بھی زیرِ غور ہے جس کے تحت ایسے افراد کی زمینیں بحق سرکار ضبط کر لی جائیں گی جو پوست کی کاشت کے لیے زمینیں فراہم کرتے ہیں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نے گزشتہ دنوں کہا تھا کہ پوست سے پاک سٹیٹس برقرار رکھا جائے گا اور اس پر کوئی سمجھوتا نہیں ہوگا، چاہے اس کے لیے کوئی بھی قربانی دینی پڑے۔ بلوچستان کو منشیات سے پاک کرنے کے لیے پوست کی کاشتکاری میں ملوث زمینداروں، افغان ڈیلرز کے خلاف مزید کارروائیوں کی ضرورت ہے تاکہ بلوچستان میں پوست کی کاشت کے بڑھتے رجحان پر قابو پایا جاسکے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6 Dated: 25 OCT 2025 Page No. 20


# Sewerage overhaul

Quetta, the capital city of Balochistan, has been struggling with a poor sewerage line system for years. The city's sewerage infrastructure is inadequate, outdated, and poorly maintained, leading to frequent blockages, overflows, and contamination of water sources. Many areas of the city lack access to proper sewerage facilities, forcing residents to rely on makeshift arrangements. The existing sewerage lines are often old, cracked, and damaged, leading to frequent blockages and overflows. The sewerage system is unable to handle the city's growing population, resulting in frequent backups and overflows. The sewerage lines are not regularly cleaned and maintained, leading to the accumulation of sludge and debris. Regretfully, people, particularly shopkeepers do not follow the SOPs and throw all waste, trash and debris directly into the sewerage lines that further complete the situation. The poor sewerage system has led to the contamination of nearby water sources, posing a significant health risk to residents. Owing to the poor and old system most of the drinking water pipelines are passing through sewerage lines therefore, the complaints of people of contaminated water coming into their houses is frequent which is a critical issue and serious threat to human lives. The contamination of water sources and the presence of sewage on the streets pose a significant health risk to residents, particularly children and the elderly. Thus the ratio of diseases, illness amongst people particularly in children and women are highway. Similarly the release of untreated sewage into the environment has led to the pollution of nearby water bodies and soil. The poor sewerage system has also had economic impacts, including the loss of productivity and revenue due to frequent closures of businesses and industries. The poor sewerage system has also had social impacts, including the loss of dignity and quality of life for residents. To address these issues, the government and local authorities have to initiate their efforts at the earliest by upgrading and expanding the sewerage infrastructure, improving maintenance and cleaning of sewerage lines, implementing new technologies and systems to manage wastewater and increasing public awareness and education on proper waste disposal and hygiene practices. More needs to be done to address the scale and complexity of the issue. It requires a sustained and coordinated effort from the government, local authorities, and residents to ensure a safe and healthy environment for the people of Quetta. It is hoped that the newly formed government would play its constitutional role in addressing the basic issues of Quetta.

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan News Quetta

Bullet No. 6

Dated: 25 OCT 2025 Page No. 21

# تربت ماڈل سٹی پروجیکٹ فیز2 — مختلف شاہراہوں کی تعمیرات جاری

تربت، بلوچستان کے اہم اور تیزی سے ترقی کرتے ہوئے شہروں میں سے ایک ہے۔ مکران ڈویژن کا یہ دلکش شہر نہ صرف تعلیمی و ثقافتی حوالے سے اپنی پہچان رکھتا ہے بلکہ تجارتی مرکز کے طور پر بھی نمایاں اہمیت حاصل کر چکا ہے۔ گزشتہ برسوں میں حکومت بلوچستان نے تربت کو ایک جدید اور منظم شہر کے طور پر ترقی دینے کے لیے "تربت ماڈل سٹی پروجیکٹ" کا آغاز کیا، جس کے مثبت نتائج سامنے آنے لگے ہیں۔ اب اس منصوبے کا دوسرا مرحلہ یعنی فیز2 مختلف شاہراہوں اور بنیادی ڈھانچے کی تعمیر کے ساتھ تربت کے چہرے کو مزید نکھارنے کا باعث بن رہا ہے۔ فیز2 کے تحت سب سے نمایاں منصوبوں میں چوگان کنڈگ تا مچھلی مارکیٹ اور سینما چوک روڈ کی توسیع اور پختگی شامل ہے۔ یہ شاہراہ تربت کے اہم رہائشی و تجارتی علاقوں کو جوڑتی ہے اور روزانہ ہزاروں گاڑیاں اس راستے سے گزرتی ہیں۔ اس سڑک کی تعمیر سے آمد و رفت میں آسانی، ٹریفک کے بہاؤ میں بہتری، اور شہریوں کے وقت و ایندھن کی بچت ہوگی۔ اسی طرح تربت شہر کے بازار کی مرکزی روڈ کی بحالی بھی فیز2 کا ایک اہم حصہ ہے۔ یہ روڈ شہر کی معاشی سرگرمیوں کا مرکز ہے جہاں کاروباری حضرات، خریدار اور شہری روزانہ بڑی تعداد میں آتے ہیں۔ سڑک کی تزئین و آرائش، نکاسی آب کے نظام کی بہتری، اور فٹ پاتھوں کی تعمیر سے مارکیٹ ایریا کی خوبصورتی اور فعالیت میں نمایاں اضافہ متوقع ہے۔ پروجیکٹ کے تحت شاہی تمپ تا تربت روڈ کی ازسرِ نو تعمیر بھی جاری ہے جو مکران کے دیہی و مضافاتی علاقوں کو مرکزی شہر سے جوڑتی ہے۔ اس سڑک کے مکمل ہونے سے نہ صرف زرعی پیداوار کی ترسیل آسان ہوگی بلکہ دیہی آبادی کو شہری سہولیات تک بہتر رسائی حاصل ہوگی۔ یہ ترقیاتی اقدام شہری و دیہی زندگی کے درمیان رابطے کو مزید مضبوط بنائے گا۔ تربت ماڈل سٹی پروجیکٹ فیز2 میں صرف سڑکیں ہی نہیں بلکہ جدید شہری سہولیات بھی شامل ہیں۔ ان شاہراہوں کے ساتھ ساتھ اسٹریٹ لائٹس، نکاسی آب کا جدید نظام، فٹ پاتھ، گرین بیلٹس اور شجرکاری کے منصوبے بھی زیرِ تکمیل ہیں۔ اس سے شہر کی خوبصورتی کے ساتھ ساتھ ماحول میں بہتری اور صفائی کا معیار بھی بلند ہوگا۔ پروجیکٹ کے تحت مختلف چوراہوں اور سنگم پوائنٹس کو بھی جدید انداز میں تعمیر کیا جا رہا ہے۔ ٹریفک سگنلز کی تنصیب اور پیدل چلنے والوں کے لیے مخصوص راستوں کا قیام شہریوں کے تحفظ اور سہولت کے لیے اہم قدم ہے۔ اس سے تربت میں ٹریفک نظم و ضبط بہتر ہوگا اور حادثات میں نمایاں کمی آئے گی۔ ان منصوبوں کی بدولت تربت کی معاشی سرگرمیوں میں اضافہ متوقع ہے۔ بہتر سڑکوں کے باعث تجارتی آمد و رفت میں آسانی ہوگی، نئے کاروباری مراکز قائم ہوں گے، اور سرمایہ کاروں کو شہر میں سرمایہ کاری کی ترغیب ملے گی۔ یوں تربت ماڈل سٹی پروجیکٹ فیز2 مقامی معیشت کے استحکام اور روزگار کے مواقع پیدا کرنے میں بنیادی کردار ادا کرے گا۔ یہ بھی قابل ذکر ہے کہ ان منصوبوں کی تکمیل کے دوران سینکڑوں مقامی مزدوروں، انجینئرز، اور ہنرمند افراد کو روزگار فراہم کیا گیا ہے، جس سے علاقائی سطح پر خود انحصاری اور خوشحالی کو فروغ مل رہا ہے۔ تربت کے نوجوانوں کے لیے یہ ایک امید افزا موقع ہے کہ وہ اپنے شہر کی تعمیر میں براہ راست حصہ لے سکیں۔ تربت ماڈل سٹی پروجیکٹ فیز 2 نہ صرف ایک ترقیاتی منصوبہ ہے بلکہ یہ شہر کی شناخت، خوبصورتی اور طرزِ زندگی کو نئی جہت دینے کی عملی کوشش ہے۔ ان شاہراہوں کی تعمیر سے تربت جدید بلوچستان کا ماڈل بننے کی جانب ایک اہم قدم بڑھا رہا ہے۔ آخر میں یہ کہنا بجا ہوگا کہ اگر ان منصوبوں کو بروقت اور معیاری انداز میں مکمل کیا گیا تو تربت آئندہ چند برسوں میں نہ صرف مکران بلکہ پورے بلوچستان کا جدید اور خوشحال شہر بن کر ابھرے گا۔ ماڈل سٹی پروجیکٹ فیز2 تربت کے روشن مستقبل کی بنیاد بن چکا ہے، جو ترقی، رابطے، اور خوشحالی کا نیا باب رقم کر رہا ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No.

Dated: 25 OCT 2025 Page No.




کوئٹہ: صوبائی وزیر بخت محمد کاکڑ سے سابق سینیٹر روزی خان کاکڑ ملاقات کررہے ہیں



سپیکر بلوچستان اسمبلی عبدالخالق اچکزئی کی زیر صدارت اجلاس میں صوبائی وزراء اور اراکین اظہار خیال کررہے ہیں

CamScanner